# تدبرالقرآن

## خط وکتابت کورس

الٰہدیٰ انٹرنیشنل

QUR'AN FOR ALL

---

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا:

کِتٰبٌ اَنۡزَلۡنٰہُ اِلَیۡکَ مُبٰرَکٌ لِّیَدَّبَّرُوۡۤا اٰیٰتِہٖ
وَ لِیَتَذَکَّرَ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ○

یہ بہت بابرکت کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف اتارا ہے تاکہ یہ اس کی آیات میں غور وفکر کریں اور تاکہ عقل والے نصیحت حاصل کریں۔

[ص:29]


**الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان**

اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ، H-11/4، اسلام آباد

فون نمبر: 9-4866125 (92-51) | 7556222 (92-331)

ccourse.isb@alhudapk.com

کراچی: E-59, خیابانِ سحر، DHA فیز 6، کراچی

فون: +92-335-3964629 | +92-21-35171136-8

acd.dept.khi@alhudapk.com | cc.dept.khi@alhudapk.com

www.alhudapk.com | www.farhathashmi.com


---

کورس کے بارے میں ہدایات دی جاتی ہیں۔ان ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

- کورس کے لیے ہر پارہ پر مبنی تدبرالقرآن کے آڈیو لیکچرز از استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کا سننا ضروری ہے۔

لیکچر سنتے وقت تدبرالقرآن کے پارے کو اپنے سامنے رکھیں اور ساتھ ساتھ نوٹس بنائیں۔

- اہم نکات کو ہائی لائٹ کرلیں اور ان کو الگ ڈائری میں بھی نوٹ کرتے جائیں۔

## اسائنمنٹ حل کرنے کا طریقہ کار

- طالب علم کا فہم جانچنے کے لیے ہر پارہ کی اسائنمنٹ حل کروائی جاتی ہے۔
- طالب علم کو رجسٹریشن لیٹر کے ساتھ ہی اسائنمنٹ بھیج دی جائے گی۔
- اسائنمنٹ حل کرنے سے پہلے پرچہ پر اپنا نام، رجسٹریشن نمبر اور تاریخ لکھیں۔
- اسائنمنٹ کو غور سے پڑھیں اور پورے سکون واطمینان کے ساتھ جواب لکھیں۔
- اسائنمنٹ حل کرنے کے لیے اسباق کا سننا لازمی ہے۔
- اسائنمنٹ کو حل کرنے کے لیے آپ اپنا تدبرالقرآن کا پارہ اور نوٹس کھول سکتے ہیں اور درست جواب دینے کے لیے سبق دوبارہ بھی سن سکتے ہیں۔
- اسائنمنٹ حل کرنے کے بعد تصحیح کے لیے شعبہ خط وکتابت کو بھیج دیں۔

## امتحانات

ہر اسائنمنٹ میں کم از کم 80% نمبر حاصل کرنا ضروری ہیں۔ بصورت دیگر شعبہ خط وکتابت آپ کو اسائنمنٹ دوبارہ حل کرنے کو بھیج دے گا۔

- ہر پارے میں کامیاب ہونے والے طالب علم کو اس پارے کا سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تعارفِ الہدیٰ

الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن اسلام آباد پاکستان، خالص علمی و تحقیقی بنیادوں پر قرآن وسنت کی تعلیم کے فروغ کے لیے 1994 سے فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ یہ ادارہ ہر طرح کی مذہبی گروہ بندی اور فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر دینی درس وتدریس کے علاوہ خدمتِ خلق کے کاموں میں بھی کامیابی سے کوشاں ہے۔

ادارے میں قرآن وسنت کی باقاعدہ تعلیم کو بہتر اور مؤثر انداز سے پیش کرنے کے لیے جدید طرز کے ذرائع کو بروئے کار لایا جاتا ہے۔ جس میں نہ صرف آن کیمپس کورسز، آن لائن کورسز بلکہ خط وکتابت کے ذریعہ بھی کورسز کروائے جاتے ہیں۔

الہدیٰ کا شعبہ خط وکتابت ان خواتین وحضرات کو دینی کورسز کی سہولیات مہیا کرتا ہے جو کسی بھی وجہ سے ادارے میں آ کر باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کر سکتے۔ یہ شعبہ گزشتہ کئی سالوں سے کامیابی کے ساتھ طویل دورانیہ کے مختلف کورسز کروا رہا ہے اور بفضل تعالیٰ اب تک ان کورسز سے ہزاروں کی تعداد میں طلبہ مستفید ہو چکے ہیں۔

ان کورسز کی بہترین کامیابی کے بعد حال ہی میں شعبہ خط وکتابت مختلف کتب پر مبنی مختصر دورانیہ کے تربیتی کورسز کا آغاز کر چکا ہے۔ اب تعلیم القرآن (لفظی ترجمہ و مفصل تفسیر) مکمل کرنے والے طلبہ کے لیے قرآن کو مزید گہرائی میں سمجھنے کے لیے تدبر القرآن کورس کا اجراء کیا جا رہا ہے۔

## تدبر القرآن خط وکتابت کورس

### مقصد

- قرآن پاک کو مزید گہرائی میں سمجھنا
- قرآن پاک کی منتخب آیات پر غور وفکر/تدبر کرنا تاکہ ان پر عمل کیا جا سکے۔
- تدبر القرآن کے ذریعے معرفت الٰہی پیدا کرنا اور اللہ سے تعلق مضبوط کرنا۔

### اہلیت

- وہ طلبہ جو قرآن مجید کا لفظی ترجمہ وتفسیر کورس مکمل کر چکے ہوں (مثلاً تعلیم القرآن، تعلیم دین، تفہیم دین، صوت القرآن اور تعلیم القرآن خط وکتابت کورس)
- وہ طلبہ جو قرآن پاک پر مزید تدبر اور عمل کا شوق رکھتے ہوں۔

### نصاب

- "القرآن تدبر وعمل" کے پارے (طلبہ کی سہولت کے لیے الہدیٰ پبلی کیشنز نے ہر پارہ الگ الگ شائع کیا ہے۔)
- ہر پارے کو ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے تدبر القرآن کے آڈیو لیکچرز کی مدد سے پڑھا جائے گا۔
- یہ لیکچرز الہدیٰ ویب سائٹ www.farhathashmi.com پر اور الہدیٰ ایپ Quran for All میں موجود ہیں۔
- تدبر القرآن کورس پارہ 30 سے شروع ہوگا۔ ایک پارہ مکمل ہونے کے بعد ترتیب وار اس سے پچھلے پارے میں داخلہ لینا ہوگا۔

### کورس کا دورانیہ

- ہر ایک پارہ کو مکمل کرنے کا دورانیہ زیادہ سے زیادہ 6 ماہ ہے۔

6 ماہ کی مدت میں ایک پارہ مکمل نہ کر سکنے کی صورت میں پھر سے رجسٹریشن چارجز ادا کر کے رجسٹریشن دوبارہ کروانا ہوگی۔

- ایک پارہ مکمل کرنے کے بعد، اگلے پارہ کے لیے دوبارہ داخلہ لینا ہوگا۔

### کورس چارجز

**اندرونِ ملک:** -/1000 روپے فی طالب علم (برائے مکمل کورس)

**بیرونِ ملک:** 20 ڈالر (امریکی) یا اس کے مساوی

ان چارجز میں رجسٹریشن اور سرٹیفکیٹ چارجز دونوں شامل ہیں۔

ان چارجز میں Blinq service کے کچھ اضافی چارجز بھی جمع کیے جائیں گے۔

کورس کی فیس آپ کو بھیجے گئے چالان فارم/ Voucher کے ساتھ جمع کرانی ہوگی۔

### کورس کا طریقہ کار

- کورس میں داخلہ لینے پر طالب علم کو ایک رجسٹریشن لیٹر بھیجا جاتا ہے جس میں

# تدبر القرآن خط وکتابت کورس

پارہ کا نام اور نمبر:---------------

داخلہ فارم بذریعہ فون (واٹس ایپ) یا ای میل منگوایا جا سکتا ہے۔

کورس کا داخلہ فارم منگوانے کے لیے اس فون نمبر یا ای میل پر رابطہ کریں۔

**فون نمبر:** 0331-7556222

**ای میل:** ccourse.isb@alhudapk.com

داخلہ فارم درست اور مکمل پُر کر کے submit کریں۔

داخلہ فارم موصول ہونے پر Blinq **Service** کی طرف سے آپ کو ایک چالان فارم / voucher بذریعہ ای میل بھیجا جائے گا۔

کورس کے رجسٹریشن چارجز درج ذیل ہیں۔

**اندرون ملک:**- /1000 روپے فی طالب علم (برائے مکمل کورس)

**بیرون ملک:** 20 ڈالر (امریکی) یا اس کے مساوی

ان چارجز میں Blinq service کے کچھ اضافی چارجز بھی جمع کیے جائیں گے۔

فیس کا چالان فارم blinq کی لسٹ میں دیئے گئے کسی بھی بینک میں جا کر جمع کروایا جا سکتا ہے یا کسی بھی بینک کی موبائل فون ایپ یا ایزی پیسہ یا جاز کیش کے ذریعے آن لائن جمع کروایا جا سکتا ہے۔ کوشش کریں کہ چالان فارم موصول ہوتے ہی فیس جلد از جلد چالان فارم پہ دی گئی ہدایات کے مطابق جمع کروائیں۔

بیرون ملک سے فیس بھجوانے کے لیے Blinq کے علاوہ الہدی کے مندرجہ ذیل فیس پورٹل پر کلک کر کے دی گئی ہدایات کے مطابق عمل کیا جا سکتا ہے۔ اس میں اپنے چالان فارم / voucher کا نمبر ڈالنا ضروری ہوگا۔

https://www.alhudapk.com/OR

فیس موصول ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر آپ کو رجسٹریشن لیٹر بھیج دیا جائے گا۔

نوٹ: ایسے مستحق افراد جو فیس ادا نہ کر سکتے ہوں انکے رجسٹریشن چارجز ادارہ زکوۃ یا صدقات فنڈ سے ادا کرے گا اس صورت میں ضرورت مند افراد داخلہ فارم میں سپانسرشپ کے لیے درخواست کریں اور اس کی وجہ بھی ضرور تحریر کریں۔